گرشمات صدری عملیات لاجواب مجموعہ روحانیات

۷۸۶

سینہ بہ سینہ منتقل ہونے والے انتہائی پُر تاثیر
مجرب اور لاجواب عملیات کا مجموعہ

گرشمات صدری عملیات

مصنف و مولف

زوار ملک شیر عباس علوی

(ماہر علوم مخفی)

ناظم:-

علوی روحانی سنٹر

کتب خانہ شان اسلام

ڈاک خرچ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حفاظت نامہ

حقی

الحمد للہ رب العلمین ۝ الرحمٰن الرحیم ۝ ملک یوم الدین ۝
ایاک نعبد وایاک نستعین ۝ اھدنا الصراط المستقیم ۝
صراط الذین انعمت علیھم ۝ غیر المغضوب علیھم ولا الضالین ۝

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝

۳ مرتبہ پڑھیں۔

الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝
الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝
وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ
يُوْقِنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝

۳۰ مرتبہ پڑھیں۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَهٗ مَا فِي
السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۗ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ
وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ
وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ
فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۗ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۗ
وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۗ وَالَّذِيْنَ

مکمل ہو چکا

افلاطون جادوگر

(فوٹو سٹیٹ مجلد)

مؤلف ====== لالہ کشن چند۔ ایم۔ اے

منتر، جنتر، تنتر، جیوتش، نقوش، عملیات، سفلی و روحانی، نیز طلسمات، اعمال دفع آسیب و جنات و حاضری دیو و پری، فالنامہ عجیب، اندر جال، علم قیافہ، محبت و تسخیر، جلب زر، سعد و نحس اطراف، بار جوگنی، تنترک ودیا، جادو ودیا، بیروں کو حاضر کرنا، جدول کواکب، سنکرات معلوم کرنا، لگن دریافت کرنا، ایام کا جاننا، مختلف اعداد کے نقوش، علم رمل۔

قیمت فی فوٹو سٹیٹ مجلد 575 روپے

صفحات تقریباً 300

کتب خانہ شان اسلام

بالمقابل مارکیٹ اردو بازار لاہور۔ فون: 042-7351120

خصوصی حصارِ حیدری (بارہ بند)
المعروف حفاظتِ جسمانی

یہ حفاظت نامہ مشکل کشائے دوجہاں سرکار امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب ؑ کا مخصوص عطا کردہ حصار نامہ ہے۔ ہر عامل کو چاہیئے کہ ہر قسم کی ارضی و سماوی آفات و بلیات سے بچاؤ کیلئے منگل ساعتِ اوّل میں اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھتے ہوئے سفید کاغذ پر زعفران سے یہ حصار نامہ تحریر کرکے اس پر ۱۱۵ مرتبہ **یا علیؑ ادرکنی فی سبیل اللہ** پڑھ کر دم کریں۔ سوا ماشہ مکس مٹھائی پر نیاز سرکار کی دلا کر دائیں بازو پر باندھ لیں

پرہیز: اس حصار کی موجودگی میں جھوٹ۔ فریب۔ دھوکا دہی۔ گالی گلوچ بکنے بڑا گوشت۔ کچا پیاز مولی کھانے اور ہر قسم کی نجاست سے پرہیز کریں


* ای کنوش۔ ارکنوش۔ اره شش۔ عطیطسفیخ۔ یا مطردن۔ قریالیسون۔ ماوماسویا۔ طیطسالوس۔ خبطوس۔ مسفقیس۔ مسامعوش۔ انوطیعوش۔ لطیفوش۔

بَدَا بَدَا۔ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَا اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ وَمَا كُنْتَ مِنَ الشَّاهِدِيْنَ۔ اُخْرُجْ بِقُدْرَةِ اللّٰهِ مِنْهَا اَيُّهَا اللَّعِيْنُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ اُخْرُجْ وَاِلَّا كُنْتَ مِنَ الْمَحْرُوْقِيْنَ۔ اُخْرُجْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ الصَّاغِرِيْنَ۔ اُخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا مَدْحُوْرًا مَلْعُوْنًا كَمَا لَعَنَّا اَصْحَابَ السَّبْتِ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا۔ اُخْرُجْ يَا ذَرِيَ الْمُغْتَرُّوْنَ۔ اُخْرُجْ يَا سُوْرًا سُوْرًا۔ بِلَا اِسْمِ الْمَخْزُوْنِ يَا طَمْطُرُوْنَ طَرْغُوْنَ مَرَاغُوْنَ۔

تَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ۔

يَا هَيَا يَا هَيَا اَشْرَاهِيَا حَيًّا مَتُوْمًا بِالْاِسْمِ الْمَكْتُوْبِ۔

عَلٰى جَبْهَتِهٖ اِسْرَافِيْلُ اُطْرُدْ عَنْ صَاحِبِ هٰذَا الْكِتَابِ۔ كُلَّ جِنِّيٍّ وَجِنِّيَّةٍ وَشَيْطَانٍ وَشَيْطَانَةٍ وَتَابِعٍ وَتَابِعَةٍ وَسَاحِرٍ وَسَاحِرَةٍ وَغُوْلٍ وَغُوْلَةٍ وَكُلِّ مُتَعَبِّتٍ وَعَابِثٍ لِيَعْبَثُ بِابْنِ اٰدَمَ وَبَنَاتِ حَوَّا ــــ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ الْمَعْصُوْمِيْنَ۔



مندرہ مردان یا علیؑ

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

مندرہ مردان یا علیؑ کا۔ سید احمدی نے تیر کھینچ مارو گا۔
گورگراں کی پتلی کچا مسان ڈالیئے۔ تمام جادوگر کہتے ہیں
رام رام۔ ڈگر میں ٹھوکر لوا کے زمین میں دھنس دیا۔
نارسنگھ چلے نارسنگھ۔ ہنومان کا تان بنھالی بھناں۔
سیتا کا میں ست بھناں۔ بھیرو کا بھرم تڑوریا۔ بارنگھار
بنھاں۔ پیڑی تے نار بنھاں۔ جن بھناں بھوت بنھاں۔
چیٹیر بنھاں چیڑیل بنھاں۔ چاد و بنھاں ٹونہ بنھاں۔
تعویذ بنھاں۔ دھاگہ بنھاں۔ کچا پکا تھاہ بنھاں۔ اڈوا
میں پرندا بنھاں۔ نومیں ناسل بنھاں۔ مرض اٹھرا
بنھاں۔ ویکھاں مولا علیؑ تیرے مندرے کلام کا تماشا۔

ترکیب استعمال۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف درمیان میں ۳/۵/۱۱ مرتبہ حدیث کے مریض پر دم کرنے سے ہر چیز بندھ جاتی ہے۔

نوٹ: عامل بننے کے لیے ہمارا فہرست پڑھ کر تفصیلی حالات کے لیے رجوع فرمائیں۔

مسرحہ حلہ اسلہ وسی حبہ امل لم وکملہ

ترجمہ: اے کنوش۔ ارکنوش۔ ارہ شش۔ عطیفیخ۔ یا مطرون۔ قریالیون۔ ماوماسوحا۔
طیطالوکس۔ خبطوس۔ مسفیس۔ ساموش۔ اقریلیوش۔ لطیفکش۔ لطیفوش۔
بذا بذا۔ اور تم مغربی سمت میں اس وقت نہ تھے۔ جب ہم نے موسیٰ (علیہ السلام)
کو اپنا حکم دیا۔ اور نہ تم اس وقت گواہوں میں تھے۔

- اے ملعون اس دل سے قدرت خدا سے نکل جا۔ نکل جا۔ تمام جہانوں کے
پروردگار کی عزت کے ڈر سے نکل جا۔ ورنہ تو قید کر لیا جائے گا۔ یہاں سے دور ہو جا۔
کیوں کہ تجھے یہاں ابنڈ نے پھرنے کا حق نہیں۔ نکل جا تو ذلیل ہے۔ قابلِ مذمت۔ پھٹکار
زدہ اور ایسا لعنتی ہو کر جیسے خدا نے ہفتہ والے لوگوں پر لعنت کی تھی۔ اور اللہ کا حکم ہی ہوا کرتا
ہے۔ اے بدبو دار اے سودا۔ اے سور نکل جا کہ یہاں پوشیدہ اسم اعظم کا حصار ہے۔ اے ططروں
اے طرعون۔ براعون۔ ہمزین پیدا کرنے والا پاک و برتر ہے۔ اے ہیا۔ اے ہیا۔ زندہ و برقرار
خدا کے اس نام کی وجہ سے جو اسرافیل کی پیشانی پر لکھا ہے۔ اس تعویذ والے کے پاس سے دور ہو جا۔
تمہارا جن ہو یا پری۔ شیطان ہو یا شیطانی۔ مرد ہمزاد ہو یا عورت۔ جادوگر ہو یا جادوگرنی۔ بھوت
ہو یا چوتنی یا ہر وہ شعبدہ باز و جادوگر جو فرزند آدم اور دختران حوا سے کھیلتے ہیں۔ بزرگ
ہر تر اللہ کے سوا کوئی بھی صاحب قوت و طاقت نہیں۔ اے اللہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم اور ان کی تمام آل پاک و پاکیزہ اور معصوم اولاد پر رحمت نازل فرما۔

پنجتن پاک سے خصوصی روحانی امداد مانگنا



جب سخت قسم کے دشمنوں نے گھیر لیا ہو یا مخالفین نقصان پہنچانے سے باز نہ آتے ہوں۔ تو باوضو ہو کر اپنا منہ جانب کربلا کیجیئے اور ۱۲۴ مرتبہ پڑھ کر دعا کریں۔

استغاثۂ غازی عباسؑ:۔ علمدارِ لشکرِ حسینؑ بموقع واقعہ کربلا ۶۱ھ۔

* ﴿ یاحضرت عباسِ علمدار وفادار مددگار۔

چاہتے ہیں مدد پاتے ہیں کل مومن زار زار۔

بندہ کو کیا دشمنِ غدار نے لاچار۔

تنگ آیا ہوں لاچار سب حال ہے اظہار

حل کیجئے مشکل میری اے یاحضرتِ عباسؑ علمدار ﴾ *

درخواستِ مدد بحضورِ سرکارِ امامِ حسینؑ

جب کشتیٔ حیات کسی بھنور میں پھنس جائے تو نجات کیلئے پکاریئے۔

بروز جمعرات بعد از عشاء اول و آخر درود ۱۱ مرتبہ اور عمل ۱۲۸ مرتبہ پڑھ کر دعا کریں۔

میرے مولا قل ھو اللہ احد کے واسطے

اسمِ اعظم واللہ الصمد کے واسطے

اپنے ماں، باپ بھائی اور جد کے واسطے

یاحسینؑ ابن علیؑ پہنچیں مدد کے واسطے

نمازِ حاجت بحضور حضرت امام علی کرم اللہ وجہہ

کسی بھی پرآشوب مہم کی آسانی اور مخالف حالات کو اپنے موافق کرنے کے لئے درجہ ذیل طریقہ سے ۲ دو رکعت نمازِ حاجت پڑھ کر دعا کریں۔ اور اپنے کام پر روانہ ہو جائیں انشاء اللہ ہر قسم کی پریشانی راحت میں بدل جائے گی۔

طریقہ نمازِ حاجت:۔ **نیت**:۔ پڑھتا ہوں ۲ رکعت نمازِ حاجت برائے فلاں حاجت کی آسانی کے لئے سنتِ قربۃً الی اللہ۔ معمول کے مطابق ۲ رکعت نماز ہو گی لیکن اس میں ہر رکعت میں ۳-۳ مرتبہ سورۃ الحمد کی کی جائے گی۔

بعد ختمِ نماز ۵۵ مرتبہ استغفر اللہ ربی واتوب الیہ پڑھ کر دعا مانگیں۔

دعائے حاجت:۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

اَللّٰھُمَّ قَدْ ھَمَّتْ بِاَمْرٍ قَدْ عَلِمْتَہٗ فَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّہٗ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاٰخِرَتِیْ فَیَسِّرْہُ لِیْ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّہٗ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاٰخِرَتِیْ۔ یہاں حاجت کی دعا مانگیں۔ عَنِّیْ کَرِھْتَ ذٰلِکَ اَوْ اَحْبَبْتَ فَاِنَّکُمْ تَعْلَمُ لَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ۔

نوٹ:۔ یہ ایک صدری راز تھا جو عیاں کر دیا ہے۔ بعد از کامیابی مہم نیاز سرکار امیر المومنین حضرت علیؑ ابن ابی طالبؑ ضرور درخواست کریں۔

ضرورتِ مرشد و اُستاد (وجہ بیعت)

محترم قارئین۔ السلام علیکم

کرشمات صدری عملیات کی روحانی دنیا کے مجرب اور
پُرتاثیر اعمال فنی و روحانی پر مشتمل نسخہ حاضر خدمت ہے۔

اسے عام سلیس انداز میں ترتیب دیا گیا ہے تاکہ
ایک نوآموز شائق عملیات بھرپور انداز سے مستفیض ہو سکے۔
بزرگوں کے عطا کردہ مخصوص اعمال جو تجربات کی کسوٹی پر
پورے اُترے۔ بلا کسی حیل و حجت کے پیش کر دیئے گئے ہیں۔

بھرپور انداز سے سعی بلیغ کی گئی ہے کہ زیادہ سے زیادہ معلومات
کو ایک جگہ مجتمع کر دیا جائے۔ تاکہ کسی دوسری کتاب کی حاجت نہ
رہے۔ یہ تو قارئین حضرات ہی بتا سکیں گے کہ ہم کہاں تک کامیاب ہوئے ہیں

عملیات کی روحانی دنیا اپنے اندر ایک پُرخطر کشش رکھتی ہے۔ جگہ
جگہ گھات میں خطرناک مخفی مخلوق عامل کیلئے گھات لگائے بیٹھی ہے کہ کب
ذرا سی بھول چوک ہو اور وہ اسے ہڑپ کر لے۔

اس خوفناک روحانی (علوی۔ سفلی) مخلوق کے مخفی حملوں سے بچنا
ہر کس و ناکس کے بس کی بات نہیں۔ اس دنیا میں بیسیوں افراد آئے اور

" مختلف مسائل میں الجھ کر کئی جان سے گئے کئی پاگل ہوئے اور کئی ——

اس مخلوق کی ریشہ دوانیوں سے قبل از وقت خبردار ہونے اور
بچاؤ کیلئے دعا عام شخص بے بس ہے۔ اس وقت ایسی ہستی کا وجود
ضروری ہے۔ جو مضبوط قوتِ ارادی، روحانی و جسمانی اور ہر قسم کے خوفناک
حالات سے مکمل نپٹنے کا ہنر جانتا ہو۔ جو خود ان دہشتناک واقعات
سے اپنے کسی رہبر کے طفیل گزر چکا ہو۔

عملیات کی وحشتناک وادی سے بخیر و عافیت سے گزرنے کیلئے اُستاد
یا مرشد روحانی کی اشد ضرورت ہے۔ بزرگان قدیم کا مقولہ ہے کہ

پانی پیو چھان کے، مرشد کرو جان کے۔

لہٰذا اس وادی پُرخار سے بخیر و عافیت پار اترنے کے خواہشمند احباب
اپنا ارشاد مرشد پہلے ضرور بنائیں اگر نہ بنے تو ہم سے رجوع کریں۔
ہم انشاء اللہ آپ کی اس خواہش کو بہترین طریقے پر پورا کریں گے
ہر مسئلے کا روحانی حل بتائیں گے۔ شرط یہ ہے کہ خلوص نیت سے رجوع کریں

دعاگو ہوں کہ رب العزت بالطفیل محمد و آل محمد آپ کو خیر اندیش
ان اعمال سے مکمل مستفیض ہونے کی توفیق فرمائے۔ عامل و معمار
اور ہر عمل میں کامیابی عطا فرمائے۔ (آمین) زوار حق نثار عباس علوی
ناظم۔ علوی روحانی سنٹر لاہور

فہرست مضامین	صفحہ نمبر	نمبر شمار	فہرست مضامین	صفحہ نمبر
باب اوّل۔ قواعد عملیات	۱۷	۱۵	ہدایات برائے تعویزات تحریر کرنا	۷۷
ابجد حروفِ تہجی	۱۸	۱۶	بخورات سیارگان	۸۵
عربی گنتی	۲۵	۱۷	عامل کیلئے بنیادی لوازمات	۸۴
رجال الغیب	۲۲	۱۸	باب ۳۔ عمارات	۸۵
منازل قمر	۲۴	۱۹	عامل کیلئے تحفہ نایاب	۸۶
تقسیم ساعات دن و رات	۲۷	۲۰	عمار آیۃ الکرسی مع اسماء اعظم	۸۷
صدقات و غذائے سیارگان	۳۳	۲۱	عمار وبائے وبدنی	۸۸
باب ۲۔ لوازمات نقوش	۳۵	۲۲	باب ۴ الساعات	90
خصوصی طریقہ ادائیگی زکوٰۃ	۴۲	۲۳	دن و رات کے نقشے سیارگان	91
حروف تہجی کی رکعات کا طریقہ	۴۶	۲۴	ناجیات ساعات سیارگان	۹۳
جدول با موکل حروف تہجی	۴۹	۲۵	باب ۵ اسماء اعظم	101
حضوری دعا کی سلام طریقہ رکعات	۵۲	۲۶	نام کا اسم اعظم معلوم کرنا۔	۱۰۸
نقش چندیہ کے خواص طریقہ رکعات	۶۷	۲۷	مخفی اسم اعظم نبلہ کا طریقہ	110
خاص رکعات نقش ششدر	۷۳	۲۸	کرشمہ جنات بر مشکل کا حل	۱۱۴

فہرست مضامین	صفحہ نمبر	نمبر شمار	فہرست مضامین	صفحہ نمبر
دائرہ تسخیر مطلوب	119	۳۳	دعوت سے خلق و جسمانی	۱۷۲
مشکل کشاء (حصری)	121	۳۴	کشادگی رزق کا عمل	۱۸۵
فنی اسم اعظم کا ورد	123	۳۵	سورۃ الحمد شریف کے اعمال	۱۸۱
رجوع خلق (خاص دعا)	125	۳۶	سورۃ اخلاص	۱۸۵
عمل حقیقی کشف الجواب	126	۳۷	سورۃ لیٰسین	۱۹۳
اسم اعظم جبائی کے اعمال	127	۳۸	سورۃ الفیل	۲۰۷
نقشہ با موکل حروف ابجد	135	۳۹	دعوت سورۃ الکوثر	۲۱۷
مخفی اسم الٰہی کے پڑھنے کے فوائد	133	۵۰	سورۃ الناس و فاتحہ	۲۱۹
اعمال دستِ غیب	152/	۵۱	باب ۶ صدری تشویش اضطراب	۲۲۲
روحانی معالجہ بذریعہ اسم اعظم	155/	۵۲	تشویش بذریعہ علم الحواس۔ جبر	۲۲۸
باب ۶ قرآن کا زندہ اعجاز	157/	۵۳	آئینہ تشویش سکھانی طریقہ	۲۲۹
قرآنی اعمال کی رکعات کا طریقہ	165	۵۴	تشویش بذریعہ علم الجفر	۲۳۱
بسم اللہ کے اعمال	166	۵۵	باب ۷ کرشمات صدری عملیات	۲۳۴
دعوت کے خصوصی رکعات	169	۵۶	اعمال استعارہ جات	۲۳۵

نمبر شمار	فہرست مضامین	صفحہ نمبر	نمبر شمار	فہرست مضامین	صفحہ نمبر
۵۷	استخارہ حقیقی موکل باطن	۲۳۷	۶۵	من پسند شادی کا شرطیہ عمل	۲۶۴
۵۸	کرشمہ اوفائی (زیادہ علی ۳ نام)	۲۴۵	۶۶	لو خاص دست مزرق	۲۶۶
۵۹	شفاء بندریہ طلسم سریانی	۲۴۶	۶۷	باب ۹ متفرقات۔ حروف تہجی کے	۲۶۸
۶۰	طلسم سریانی سے ہر بیماری کا حل	۲۴۷		فتوح اعمال۔ نہایت پُر تاثر تحریر	"
۶۱	سورہ جامع (آیت قرآنی کا مجموعہ)	۲۵۰	۶۸	دائرہ فنی سے روحانی مشورہ	۲۷۳
۶۲	نظر بد کا حقیقی توڑ	۲۵۵	۶۹	رموز گمشدہ	۲۷۴
۶۳	تسخیر خلائق کا خاص عمل	۲۵۸	۷۰	نالنامہ چہاردہ معصومین ؑ	۲۷۵
۶۴	عنوان کرشماتی عملیات۔ عمل حب کا سرتاج عمل	۲۵۹	۷۱	صدری طریقہ تعبیر نام خواب	۲۸۳
"		"	۷۲	مکمل معلومات کا نجومی چارٹ	۲۸۵

برائے دفع پریشانی:

مہینہ کوئی سا ہو۔ مگر چاند کی 13 تاریخ ہو۔ دن کے 2 بجے رس نقش کو بخور اگر بتی سلگا کر قریب کر لیں اور پریشانی رس کے نیچے تحریر کریں۔ انشاء اللہ 9 یوم میں مشکل حل ہو گی۔ بعد میں نقش بازو پر جلا کر زمین میں دفن کر دیں نیاز دلائیں۔

۷۸۶

۲۵۹ ج	۲۵۶ ح	۲۵۱ ی
۲۵۴ ک	۲۵۲ ل	۲۵۰ م
۲۵۳ ن	۲۴۸ و	۲۵۹ ہ

عامل کیلئے نایاب صدری تحائف

حفاظت از رجعت اعمال:۔ (یا حافظ یا رقیب یا وکیل)

عامل کو چاہیئے کہ عمل پڑھنے یا نقش تحریر کرنے سے قبل الذکر اسم اعظم کو ۷ مرتبہ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر لے اول و آخر ۵ مرتبہ درود شریف پڑھیں انشاء اللہ رجعت سے محفوظ رہیگا:

نقش دفع رجعتِ عمل

۷۸۶ یا اللہ یا حمید

۲۶۶۹	۲۶۶۲	۲۶۷۲
۲۶۷۱	۲۶۶۸	۲۶۶۶
۲۶۶۵	۲۶۷۳	۲۶۶۷

اگر عامل خود یا مریض رجعت عمل میں مبتلا ہو کر چاہے دیوانہ کیوں نہ ہو چکا ہو یہ نقش با اضلاع طاق میں ڈالے تا حصول صحت گھول کر پیتا رہے۔

عزیمت خوست سیارگان و رجعت اعمال:

یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا حمن یا رحیم یا حی یا قیوم یا حافظ یا ناصر یا معین یا شافی یا کافی یا قادر یا کریم بحق کہیعص بحق حمعسق بحق ایاک نعبد و ایاک نستعین احفظنی من النحوست الشمس والقمر والمشتری والزحل والزہرہ والعطارد والمریخ والراس والذنب بحق یا اللہ یا احد یا صمد یا لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد صلی اللہ علی نبیہ خلقہ محمد والہ اجمعین برحمتک یا ارحم الرحمین ۵

ترکیب استعمال: ہر قسم کے اعمال نحوست سیارگان اور تکرار کا بہترین توڑ ہے عامل کو چاہیئے کہ روزانہ ۹ مرتبہ عزیمت اول و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر لیا کرے: وجوب روحانی تحفہ ہے۔

ابجدِ قمری جمالی

حروف	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
حروف	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
اعداد	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

یہ ابجد قمری جمالی عملیات۔ مختلف سوالوں کے حل کرنے اور قرعہ فالی وغیرہ عملیات میں استعمال ہوتا ہے۔ تمام اعمال کا دارومدار اسی ابجد پر رکھا گیا ہے۔

ابجدِ شمسی جلالی

حروف	ا	ب	ت	ث	ج	ح	خ	د	ذ	ر	ز	س	ش	ص
اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۶۰	۹۰
حروف	ض	ط	ظ	ع	غ	ف	ق	ک	ل	م	ن	و	ہ	ی
اعداد	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰				

یہ ابجد شمسی آمتی جلالی لکھی جاتی ہے۔ اس میں عموماً ایسے مسائل حل کیے جاتے ہیں جن کا تعلق فنا، فنا، مخلوقات، رعب و دبدبہ۔ جنگ میں کامیابی سے متعلق اعمال یہ ابجد مناسب ہے۔ اس ابجد سے رحمت کا خوف ہوتا ہے لہٰذا اعمال کرتے وقت احتیاط کرنی چاہیے

تیر بہدف وظائف و نقوش

اصول شورے: عامل کو ہر وقت باوضو رہنا چاہیے۔ بڑے گوشت حتی الوسع پرہیز کرے۔ جھوٹ نہ بولے۔ حرص و طمع نہ کرے۔ کسی غریب یتیم مسکین کا رزق، نکاح یا اولاد اپنے عمل سے بند نہ کرے۔ اپنے عمل کا مناسب ہدیہ لے لیکن کسی کے ساتھ زیادتی نہ کرے تقدیر نیاز دلاتا رہے۔ ہر ماہ اپنا اور اہل و عیال کا صدقہ دیتا رہے۔ عملیات کو مذاق نہ بنائے نہ شیخی بگھارے۔ اپنے اُستاد/مرشد سے رابطہ رکھے ہر پریشانی میں ان سے مشورہ لیتا رہے۔ اپنے کھانے۔ پینے اور سونے میں اعتدال رکھے۔ کم بولے۔ کم سوئے ہر وقت درود پڑھے۔

خصوصی نوٹ: اضافہ علم کے لیے مطالعہ کرتے رہیں۔ لیکن بلا وجہ تحقیق کوئی عمل شروع نہ کریں۔ ورنہ۔

دعائے قوتِ حافظہ و دفع نسیان: بافرمانِ رسالتمآبؐ۔ یا علیؑ چاہتے ہو کہ جو سنو وہ حفظ ہو جائے تو ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھا کرو۔ سبحان من لا یبتدی علی اہل مملکتہ سبحان من لا یاخذ اہل الارض بالوان العذاب سبحان الرؤف الرحیم۔ اللھم اجعل لی فی قلبی نورا و بصرا و فہما و علما انک علی کل شیء قدیر۔

دائرہ قوت روحانی: عامل کو چاہیے کہ بروز ماہ اتوار سے صد یوم تک ۱۲۸ مرتبہ جب کہ آخری یوم ۱۳۴ مرتبہ یہ نقش خمرہ کے حوالہ آب کرے۔ لبوالدان اس نقش کو تحریر کر کے جب جس کی سمت پھینکیں گے لاوحول کر بھاگے لوگ دشمن بھی ہو جائیں گے تو بکھر جائیں گے تا حال کیے تجربہ و مشاہدہ اشارہ کافی است۔

۶۳۷	۶۳۲	۶۳۹
۶۳۸	۶۳۶	۶۳۴
۶۳۳	۶۴۰	۶۳۵

ابجد ابہظم - ۱

آتش	ا	ج	ذ	ش	ظ	ق	ن
	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
باد	ب	ح	ر	ص	ع	ک	و
	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
آب	ط	ی	ز	ض	غ	ل	ہ
	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰
خاک	ث	د	س	ظ	ف	م	ی
	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

اساس و نظیرہ :- ہر حرف کا پندرواں حرف نظیرہ کہلاتا ہے یعنی جب کسی جگہ یہ لکھا ہو کہ ان حروف کو نظیرہ الجبر سے دو - تو مراد یہ ہوگی کہ رسہ حرف کا پندرھ حرف کو مثلاً ان کا نظیرہ لکھیں ا کا نظیرہ س کا نظیرہ

الف یہ - علیٰ ھذا القیاس ہر حرف نہ حرف اساس ہے بلکہ نظیرہ کہلاتا ہے

ر الجبر اساس و نظیرہ)

اساس	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
نظیرہ	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ

ابجد ملفوظی قمری

الف	با	جیم	دال	ھا	واؤ	زا	حا	طا	یا	کاف	لام	میم	نون
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
سین	عین	فا	صاد	قاف	را	شین	تا	ثا	خا	ذال	ضاد	ظا	غین
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

اعدادِ یوم (اردو، عربی و فارسی) بمع سیارگان

اردو	اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
اعداد	۶۰۴	۲۱۲	۱۴۰	۱۱	۷۱۴	۱۱۸	۴۹۰
عربی	یوم الاحد	یوم الاثنین	یوم الثلاث	یوم الاربعہ	یوم الخمیس	یوم الجمعہ	یوم السبت
اعداد	۱۰۰	۶۹۸	۱۱۱۸	۳۶۵	۷۹۷	۲۰۵	۵۴۹
فارسی	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہارشنبہ	پنجشنبہ	جمعہ	شنبہ
اعداد	۳۷۸	۳۶۷	۴۲۲	۵۶۶	۴۱۲	۱۱۸	۳۵۷
سیارگان	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل
اعداد	۴۰۰	۳۷۰	۸۵۰	۲۸۴	۹۵۰	۲۱۷	۶۵
خاصیت	سعدِ اکبر	سعدِ اصغر	نحسِ اصغر	میانہ	سعدِ اکبر	سعدِ اصغر	نحسِ اکبر

گنتی عربی ابجدِ قمری

ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
احد	اثنین	ثلاثہ	اربعہ	خمسہ	ستہ	سبعہ	ثمانیہ	تسعہ	عشرہ	عشرین	ثلثین	اربعین	خمسین
۱۳	۶۱۱	۱۰۲۶	۲۴۸	(۵۰	۴۶۵	۱۲۶	۶۰۶	۵۳۵	۵۸۵	۶۳۰	۱۰۹۱	۳۲۲	۶۰

س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
ستین	سبعین	ثمانین	تسعین	مائہ	مائتین	ثلاثہ مائہ	اربعہ مائہ	خمسہ مائہ	ستہ مائہ	سبعہ مائہ	ثمانیہ مائہ	تسعہ مائہ	الف
۵۲۰	۱۹۲	۶۵۱	۵۹۰	۴۵۶	۵۰۷	۱۴۹۲	۷۳۲	۱۱۶۱	۹۲۱	۵۹۲	۱۰۶۲	۹۹۱	۱۱۱

جدول حروف جلالی جمالی و مشترک

جلالی	ا	ھ	ط	م	ف	ش	ذ	ب.و
جمالی	د	ح	ل	ع	ر	خ	ن	غ.ی
مشترک	ج	ک	س	ق	ت	ص.ض	ث	ز.ظ

حروف کے متعلقہ بروج برائے عملیات

حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ
ا.ع.ہ	ج.م.ز	ق.ب.س	ل.ط.ح	ر.ش.ت	ز.ب.خ
میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
ص.ذ.ظ	ل.س	ع.ف.ش	ج.ب.ث	ط.ک.ض	ن.و.د

سعد و نحس حروف

عنصر	سعد	نحس
حروف آتشی	ا۔ ہ۔ ط۔ م	ف۔ ش۔ ذ
حروف بادی	و۔ ی۔ ص۔ ت	ب۔ ن۔ ض
حروف آبی	ک۔ س۔ ق۔ ث	ج۔ ز۔ ظ
حروف خاکی	د۔ ح۔ ل۔ ع	ر۔ خ۔ غ

اس جدول سے کسی بھی شخص کے نام کی خاصیت معلوم کی جاتی ہے۔ کہ اس کی طبع کیسی ہے۔ اس پر محوست کے اثرات زیادہ ہیں یا سعد ہیں کے۔

کواکب کے لیئے حروف کی عنصری تقسیم

اس جدول سے کواکب کی باہمی نسبت و حروف کی عناصر اربعہ سے نسبت کو دیکھا جاتا ہے

کواکب	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
آتش	ا	ہ	ط	م	ف	ش	ذ
بادی	ب	د	ی	ن	ص	ت	ض
آبی	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ
خاکی	ر	ح	ل	ع	ش	خ	غ
مرکبات	ابجد	ہوز	طیکل	منصع	فصقر	شتثخ	ذضظغ
بمرمدد	10	26	69	220	470	1500	3600

رجال الغیب

رجال الغیب وہ مردانِ خدا ہیں جو نگاہِ انسانی سے غائب ہیں۔ اور تمام حرکات و سکنات میں شامل ہوتے ہیں۔ رب العزت نے جیسے مختلف ملائک کو کارو بارِ دنیا پر اختیار رکھا ہے۔ یعنی کوئی ہوا کا وکیل ہے کوئی بارش برسانے آندھی طوفان لانے جیسے انسان سے روح نکالنے پر متعین ہے۔ اسی طرح رجال الغیب ہر کارِ انسانی میں رکاوٹ کا باعث بنتے ہیں۔ عملیات کی دنیا میں اگر کسی نیک کام کو شروع کرنے کیلئے وظائف پڑھے۔ جلیہ و مراقبہ یا تعویزات لکھنے وقت اگر رجال الغیب روبرو ہوں تو برا ہوتا ہے۔ ہرگز اُن کی سمت منہ کر کے کام نہ شروع کرے۔ عمل اُلٹا ہو جائیگا۔ دوستی کا عمل دشمنی میں بدل جائیگا۔ کسی شخص کے پاس حاجت لیکر جائیں گے تو بجائے فائدہ کے نقصان کا احتمال ہوگا

لہٰذا کسی بھی کام کو کرنے سے قبل یہ جان لیں کہ آج کی تاریخ قمری میں رجال الغیب کس سمت ہیں۔ اُن کی سمت درجہ ذیل سلام با ادب پیش کریں

دعائے رجال الغیب :-

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۵ السلام علیکم یا رجال الغیب
السلام علیکم یا ایھا الارواح المقدسۃ اعینونی بقوۃ
[illegible] بنظرۃ اجیبونی بدعوۃ۔ یا نقبا یا نجبا یا رقبا

یا ابدال یا اوتاد الارض اوتاد اربعۃ۔ یا امناء
یا قطب یا فرد یا امناء اغیثونی بغوثۃ وانظرونی
بنظرۃ وارحمونی وحصلوا مرادی ومقصودی وقومو
علی قضاء حوائجی عند النبینا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سلمکم اللہ تعالیٰ فی الدنیا والآخرۃ۔ اللھم صل علی الخضر ی

جوانب تواریخ قمری

جنوب مشرق	۱	۹	۱۶	۲۴
جنوب مغرب	۲	۱۰	۱۷	۲۵
جنوب	۳	۱۱	۱۸	۲۶
مغرب	۴	۱۲	۱۹	۲۷
شمال مغرب	۵	۱۳	۲۰	۵
شمال مشرق	۶	۱۴	۲۱	۲۸
مشرق	۷	۱۵	۲۲	۲۹
شمال	۸		۲۳	۳۰

منازل قمر

منازل قمر کے متعلق ارشاد ربانی ہے کہ قمر کی منزلیں مقرر کیں یہاں تک کہ وہ پرانی ٹہنی کی طرح رہ جاتا ہے۔ جس سے چاند کی منازل کا پتہ چلتا ہے

والقمر قدرنٰہ منازل حتی عاد کالعرجون القدیم ۝

ترجمہ: ہم نے چاند کی منزلیں مقرر کی ہیں یہاں تک کہ وہ گھٹتے گھٹتے کھجور کی پرانی ٹہنی کی طرح ہو جاتا ہے۔ اس میں تبدیل ہوتا رہتا ہے۔ یہ ایک اصول ہے جو ہمیشہ سے چلا آ رہا ہے۔ زمین کی حرکت سے معلوم کیا گیا کہ ہر منزل کا اوسط تاثیر ۱۰ گھنٹے ۵۱ منٹ ۲۰ سیکنڈ ہے

جدول تاثیرات منازل قمر

نمبر شمار	حروف	منازل کے نام	تاثیرات منازل	بخور
۱	و	شرطین	لوگوں کے دلوں میں محبت پیدا ہوتی ہے اس	سیاہ مہوا
۲	ب	بطین	وقت اس عمل کرنا چاہیے محبت و تسخیر کرنا چاہیے	سفید صندل
۳	ج	ثریا		

۲۵			خاصیت	بخور
۴	د			
۵	ہ			
۶	و			
۷	ز			
۸	ح			
۹	ط			
۱۰	ی			
۱۱	ک			
۱۲	ل			
۱۳	م			
۱۴	ن			
۱۵	س			
۱۶	ع			
۱۷	ف			

خاصیت — بخورات

اعداد حروف منازلہ قمر			خاصیت	بخورات
۱۸	ص	قلب	سعد ہے عمل تسخیر و ترقی مناصب	ہڑ کی پتی
۱۹	ق	شولہ	سعد ہے۔ عمل تسخیر و ترقی و مناصب	انار کے چھلکے معلگی
۲۰	ر	لغائم	سعد ہے عمل محبت و طلسمات	لوبان تر
۲۱	ش	بلدح	نحس اکبر۔ جدید کام نہ کرے۔ عمل بغض و عداوت کرے	سنبل سعود
۲۲	ت	ذابح	نحس ہے حکام کے پاس نہ جائے۔ عمل محبت	کسنبم۔ چھلکا پیاز
			نہ کرے سعداوت و جدائی عدو کے عمل کرے۔	"
۲۳	ث	سعد بلع	نحس ہے۔ عمل عداوت کو بہ زیادہ شر و فتنہ اٹھے	بالو نے
۲۴	خ	سعد السعود	سعد ہے۔ عمل محبت و مودت و طلسمات کرے۔	عود و مد ملگی
۲۵	ذ	سعد اخبیہ	رحس ہے عداوت کا عمل کرے۔ عمل محبت نہ کرے	لوبان تر۔ فلفل
			فتنہ و فساد ہو۔ طلسمات۔ کیمیا و سیمیا کرے۔	انزروت
۲۶	ض	فرغ مقدم	عمل تسخیر کرے۔ کیمیا بنائے۔ طلسمات کرے۔	لوبان تر زعفران۔ شونیز
۲۷	ظ	موخر	نحس ہے۔ عداوت حاصل کرے۔ عمل تسخیر نہ کرے۔	فلفل و دار چینی
۲۸	غ	رشاء	عمل محبت کرے۔ طلسم لکھے	شونیز۔

(تقسیم اوقات)

دن کے کس حصہ میں کونسا عمل کرنا چاہیے؟

بوقت صبح۔ محبت کے نقوش و عملیات کیلئے

نیم چاشت ترقی و حصول رزق کیلئے

بوقت ظہر شناء امراض کیلئے

ظہر و عصر کے درمیان بغض و عداوت کیلئے

بعد از عشاء۔ زبان بندی کیلئے

دن اور رات کے اختیار

یہ بھی معلوم ہونا چاہیئے کہ مطلوبہ عمل دن یا رات کو کرنا ہے۔ طالع عمل روزی ہے یا لیلی یعنی قمر جس برج میں حرکت نیر پر ہے اس کا علم ہونا چاہیئے۔ مطلوبہ عمل جس برج سے متعلق ہے وہ دن یا رات سے تعلق رکھتا ہے۔ اگر اعمال یوم شب میں کریں گے تو عمل فاسد ہو جائیگا۔ اگر سعد نظر ہو گی تو کچھ فائدے کی امید کی جا سکتی ہے۔ اگر خدانخواستہ نظر نحس ہوئی تو نہ صرف سختی اور دشواری کا اندیشہ ہے۔ آسانی کیلئے ہر دو کی ترتیب وار لکھا جا رہا ہے۔ ترتیب وار ایک برج دن اور دوسرا رات سے متعلق ہے۔ آپ جب عمل کریں پہلے برج کا عمل مطلوبہ کریں

بُروجِ روزی: حمل ۔ جوزا ۔ اسد ۔ میزان ۔ قوس ۔ دلو

بُروجِ لیلیٰ: ثور ۔ سرطان ۔ سنبلہ ۔ عقرب ۔ جدی ۔ حوت

تقسیمِ ہفتہ: ہفتے کے کس دن کون سا عمل کیا جاسکتا ہے:۔

ہر دن ایک مخصوص اثر کا حامل ہوتا ہے اور اُسی دن منصوبی کام کرنے سے کامیابی ہوتی ہے

اتوار۔ اس دن ترقی۔ تسخیر، ابراء و احکام اور روعب و دبدبہ کے اعمال

پیر۔ اس دن وسعتِ رزق، تسخیر اور شفائے امراض کے اعمال

منگل۔ اس دن نحس اعمال مثلاً بغض و عداوت اور نفاق کے اعمال

بدھ۔ اس دن ترقی مراتب۔ تسخیر، احکام اور زبان بندی کے اعمال

جمعرات۔ اس دن وسعتِ کاروبار۔ ترقی اضافۂ مال و دولت

جمعہ۔ انتہائی سعد ہے اس دن اعمالِ محبت اور اتفاق کے اعمال

ہفتہ۔ ہلاکت و بربادی دشمناں اور زبان بندی کے اعمال کریں

تقسیمِ ماہ: مہینے کے کس حصّہ میں کون سا عمل کیا جاسکتا ہے:۔

اس امر کے لیے مہینے کے تین حصّے کئے گئے ہیں جو مخصوص کاموں سے وابستہ ہیں یہ دس دس دنوں میں ہوں گے۔ اور ماہ قمری شمار ہوگا۔

اول عشرہ: میں افزونی جاہ و مرتبہ حسن ظن اور رسولوں کے عملیات کرنے چاہئیں

ائتلافِ دل، جذبِ قلوب، قضائے حاجات وغیرہ کے عمل کرنے

چاہئیں خصوصاً ترہویں و چودھویں کو۔

تیسرا عشرہ: میں ذلتِ عدو، خرابیٔ زراعت۔ باغ و مویشی قطع اولاد

ہلاکتی دشمن وغیرہ کے عمل کرنے چاہئیں خصوصاً آخری تین راتیں بہت موثر ہوتی ہیں۔ اٹھائیسویں۔ انتیسویں اور تیسویں رات۔

بعض علماء نے ایک ماہ کے چار حصّے ہوئے ہوئے ہیں۔ پہلا حصّہ ہفتہ دوستی کا۔ دوسرا ہفتہ خواب بندی۔ تیسرا ہفتہ زبان بندی کا اور چوتھا دشمنی کے کاموں کے لیے گنتے ہیں۔

تقسیمِ سال

سال کے کس حصّہ میں کون سا عمل کیا جاسکتا ہے:۔

سب سے اوّل سال بھر کی تقسیم کو سمجھیں:۔ کہ کون کون سا بروج کس کس قسم کے ہیں۔ اور ان کی تاثیر کس قسم کے مقاصد میں مدد دے سکتی ہے۔ بروج کی تین ماہیتیں ہیں۔ اس سے یہ معلوم ہوگا کہ آپ کا کام سال کے کس حصّہ میں کیا جاسکتا ہے۔

(ا) منقلب بروج: حمل ۔ سرطان ۔ میزان ۔ جدی

(ب) ثابت بروج: ثور ۔ اسد ۔ عقرب ۔ دلو

(ج) ذوجسدین بروج: جوزا ۔ سنبلہ ۔ قوس ۔ حوت

۔ بروج منقلب کا مطلب ہے۔ وہ بروج جن میں شمس کو انقلاب
آتا ہے۔ دن رات اور موسموں میں تبدیلی آتی ہے۔ ان مہینوں میں
مقہوری اعداء۔ بغض و نفاق۔ ہلاکی دشمنی سرگردانی اور عجلہ انقلابی
کاموں کو کیا جاتا ہے۔ مثلاً تبدیلی کرنا۔

حمل کا زمانہ۔ مارچ ۲۲ تا اپریل ۲۰

سرطان کا زمانہ۔ جون ۲۲ تا جولائی ۲۳

میزان کا زمانہ۔ ستمبر ۲۳ تا اکتوبر ۲۳

جدی کا زمانہ۔ دسمبر ۲۲ تا جنوری ۲۰

عملیات و تعویذات کا علم
بذریعہ ڈاک سکھایا جاتا ہے
خواہشمند حضرات اس فون
پر رابطہ کریں۔ شکریہ۔
0322-9372629

ب۔ بروج ثابت:۔ یہ بروج قیام کے کہلاتے ہیں۔ ان میں سورج کی
رفتار کو قیام اور یکسانیت آجاتی ہے۔ لہذا اگر عمل ثبات دولت۔ افزونی
جاہ و عزت و رتبہ۔ کشائش رزق کے ہوں۔ تو ماہ ہائے ثابت میں کئے
جاتے ہیں۔ اور بھی وہ تمام کام جن میں ثبات درکار ہے۔ مثلاً جائیداد کی
گریختہ کو باندھنا کہ وہ بھاگ نہ جائے۔ جائیداد کو تلف ہونے سے بچانا۔
کا خطرہ ہو تو اسے استحکام دینا۔ روپیہ پیسہ ہاتھ میں نہ
الفت قائم نہ رہتی ہو تو غرضکہ وہ تمام کام جن میں استحکام و
کریں۔

ثور کا زمانہ۔ اپریل ۲۱ تا مئی ۲۱

اسد کا زمانہ۔ جولائی ۲۴ تا اگست ۲۳

عقرب کا زمانہ۔ نومبر ۲۱ تا مارچ ۲۱

دلو کا زمانہ۔ جنوری ۲۱ تا مارچ ۲۱

(ج) بروج ذوجسدین کو مستطیع بھی کہتے ہیں۔ ان میں آفتاب کا اعتدال
ہوتا ہے یعنی نہ سعد نہ نحس۔ ان میں اعمال حرب و تسخیر۔ ترقی اور کامیابی
کے لئے کئے جاتے ہیں۔ ان میں سے تین برج جوزا۔ قوس۔ حوت جڑواں
ہیں۔ جوزا میں دو بچے۔ قوس میں آدمی و گھوڑے کی شکل۔ اور حوت میں
دو مچھلیاں ہیں۔ لہذا ان بروج میں دو شخصوں کو آپس میں ملا دینے کی
تاثیر ہوتی ہے۔ شادی و تسخیر کے عمل اسی ماہ میں کرنے چاہئیں:۔

جوزا کا زمانہ۔ مئی ۲۲ تا جون ۲۱

سنبلہ کا زمانہ۔ اگست ۲۴ تا ستمبر ۲۳

قوس کا زمانہ۔ نومبر ۲۳ تا دسمبر ۲۲

حوت کا زمانہ۔ فروری ۲۰ تا مارچ ۲۱

نوٹ۔
خط و کتابت کرنے والے احباب
جواب طلب امور پر مبنی جوابی
لفافہ ہمراہ ارسال فرمائیں
شکریہ۔

یہ عین ممکن ہے۔ کہ کسی شخص کو ان مہینوں میں ایسے کام کرنے چاہئیں۔
یا ایسے کام کرنے پڑیں۔ جو اس کام کے متعلق نہیں ہیں۔ مثلاً

منقلب مہینوں میں ثابت کا کام کرنا ہے۔ اور ثبات کے مہینے کا انتظار کرتے ہوئے دیر ہونے کا اندیشہ ہے۔ تو اس کا طریقہ یہ ہے۔ کہ جب بھی کام کرنا ہو۔ طالع وقت کو لیں۔ جو ثابت ہو۔ اور قمر بروج ثابت میں ہو۔ تو انشاء اللہ کام ہو جائے گا۔

جدول ماہِ قمری جلالی وجمالی

جلالی وجمالی اعمال۔ وظیفہ۔ دعوت یا زکوٰۃ کا آغاز کرنے کے لیئے اسمی کے مطابق مہینے کا انتخاب کریں۔

نوٹ: آتشی و بادی بروج نر ہیں اور جلالی جبکہ خاکی و آبی جمالی اور مادہ ہیں۔ رجعت نہیں ہوتی۔

۱۔ آتشی ماہ۔	محرم الحرام	جمادی الاوّل	رمضان المبارک
۲۔ خاکی ماہ۔	صفر المظفر	جمادی الثانی	شوال المکرم
۳۔ بادی ماہ۔	ربیع الاوّل	رجب المرجب	ذیقعدہ
۴۔ آبی ماہ۔	ربیع الثانی	شعبان المعظم	ذی الحجہ

صدقہ، نذرانے، سے جلالی اعمال کی جلالت سے بچا جا سکتا ہے۔

صدقات (موافق غذائے سیارگان)

فرمان رسالت مآب ہے کہ صدقہ ہر قسم کی بلاؤں کو ٹال دیتا ہے۔

اس فرمان کی روشنی میں بزرگوں نے مختلف تکالیف کے فوری دفیعے کے لیئے مختلف صدقات مقرر کیئے ہیں جن کی ادائیگی سے بلائیں دفع ہو جاتی ہیں اور مذکورہ تکالیف شفاء میں بدل جاتی ہیں۔

علاوہ ازیں بعض عملیات ایسے ہوتے ہیں جن کے دوران روزانہ موکلات کے سامنے دعوت دی جاتی ہے۔ بعض میں فقراء کو اور بعض میں عامل اشیائے صدقہ عمل (نذر۔ نیاز) خود استعمال کرتا ہے۔ پس یہ تمام غذائیں جو دعوتوں۔ صدقہ۔ نذرانے۔ اور ختم کے سلسلہ میں پیش کی جاتی ہیں۔ وہ سیارگان کے مزاج سے مطابقت رکھتی ہیں۔ جو عامل دورانِ دعوت یا چلے کے عامل بھی استعمال کر سکتا ہے بشرطیکہ کوئی چیز پرہیز میں نہ آتی ہو۔

صدقہ بندشِ رزق:

رزق صرف سفلی اعمال سے بند نہیں ہوتا بلکہ اور بہت سے اسباب ایسے ہیں جن سے ہر قسم کا کاروبار نظر فی بند ہو جاتا ہے بلکہ چند دنوں میں آدمی بادشاہ سے فقیر ہو جاتا ہے۔

مثلاً نکر بد کا لگ جانا۔ نحوستِ سیارگان۔ ارواحِ خبیثہ۔ کسی شخص قدم کی آمد اپنے کسی عمل کی رجعت وغیرہ بہت سے اسباب ہیں۔

نقوش کے لوازمات میں قلم۔ سیاہی کاغذ اور مجورات ہیں ساتھ ہی
کتابت کی شرائط اور آداب کا جاننا ضروری ہے کیونکہ ان پر عمل کر کے ہی

① قلم

وجہ حلال سے یا ہدیہ سے خریدی جائے۔ اور کوشش یہ کی جائے کہ ہر عمل
کے لیے نئی قلم چھیلی جائے یا نئی قلم لی جائے جس سے پہلے کچھ نہ لکھا گیا ہو۔
بعض یوں بھی کرتے ہیں کہ سعد اعمال کے لیے ایک قلم رکھتے ہیں جو کاہی یا سمر
کنڈے کا ہوتا ہے۔ اور نحس اعمال کے لیے الگ رکھتے ہیں جو لوہے کا ہوتا
ہے۔ قلم تراشنے کا طریقہ یہ ہے کہ اول ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں بعد ازاں
پانچ مرتبہ الحمد پڑھیں۔ اور قلم کو تراشیں۔ اگر قلم اعمال خیر اور حب
کے لیے ہے تو قلم کا رخ اپنی طرف کر کے تراشیں۔ اگر اعمال غضب ہے تو اپنی
طرف سے اس کا رخ دوسری طرف کر لیں اور پھر چھیلیں اور قلم نرکل پر نہ
رکھیں۔ جب تک کہ نقش تمام نہ ہو جائے۔

جس وقت قلم بنا لیں تو زبان سے کہیں کہ یا مستعان اقض حاجتی

اور جب قلم تیار ہو جائے تو سب سے پہلے ابہام کی انگلی کے ناخن پر
یا کف دست پر ذیل کا کلمہ لکھیں۔

بندشِ رزق میں مبتلا شخص کو چاہیئے کہ اپنے نام کے حرفِ اوّل کی
موافق سیارے کے دن درجہ ذیل جدول کے مطابق علی الصبح
بھی غذا کا انتظام کر سکے اپنے کسی استعمال شدہ کپڑے میں آب رواں
میں بہا دے۔ اور بوقت صدقہ کی ادائگی پیچھے مڑ کر ہرگز نہ دیکھے ان شاء اللہ
رزق کی ہر قسم کی بندش ٹوٹ جائے گی :- بوقتِ صدقہ کی نیت ضرور کرلیا
میں صدقہ دیتا ہوں بندشِ کاروبار کھولنے کے واسطے قربتاً الی اللہ۔

جدول صدقہ غذائے سیارگان

کوائف	غذائے ستارگان	خوشبو	مجورات
شمس	برنج۔ شیرینی۔ دالِ چنا۔ عطر و خالص شہد میوہ ولائتی	عطرِ مشک	عنبر
قمر	زردہ شیریں۔ بیسن شکر۔ خالص دودھ۔ گھی۔ دہی۔ بیسن حلوہ دالِ چاول	کھیرہ عرق گلاب	لوبان
مریخ	گوشت دھیرا نان۔ کباب مریخ مونگ دال مسور اور سرسوں کا تیل	اجوائن تمر ہندی عرق خس	سندر
عطارد	برنج و دالِ مونگ پستہ سبز چار مغز انگور انار اور پراٹھا	خوشبو مجموعی	مصطگی
مشتری	زردہ خالص شہد مصری شکر میٹھے نان میوہ ولائتی شیریں	عطرِ گلاب	حب الغار
زہرہ	شیریں برنج مغزیات حلوہ شہد خالص دالِ چنا	عطرِ بیدمشک	زعفران
زحل	کھچڑی ماش سیاہ تل سیاہ بیگن میوہ جو ترش ہو۔	عطرِ گل	میعہ سائلہ

اگر قمر برروج شمسی یعنی آتشی میں ہو تو لکھیں :- اھطمفشذ

اگر قمر برروج بادی میں ہو تو لکھیں :- بوین صتض

اگر قمر برروج آبی میں ہو تو لکھیں :- جزکس قثظ

اگر قمر برروج خاکی میں ہو تو لکھیں :- دحل عرخغ

حقیقت یہ ہے کہ اس قلم سے جو کچھ لکھا جائے گا۔ اس کا نتیجہ لازمی ظاہر ہوگا جو بات ہوگی۔ وہ تیزی سے قبولیت حاصل کرے گی۔ کہ خود اس کا مشاہدہ نہ کر سکے گا قلم کی تیاری کے اوقات کا بھی خیال رکھیں۔ اگر عمل زبان بندی یا خواب بندی کا ہو تو سا عات عطارد میں بنائیں اگر تیغ تندی کا ہو یا جھگڑے فساد کا تو ساعت مریخ میں بنائیں۔ اگر دشمنی یا جدائی کا ہو تو ساعت زحل میں اگر حصولِ مال و دولت و علم کے پڑے تو ساعت مشتری میں بنائیں۔

② سیاہی

دو قسم کی ہوتی ہے۔ جو تعویذ لکھنے کے کام آتی ہے۔ ایک سرخ۔ دوسری سیاہ یا نیلی۔ سرخ رنگ کو زعفران سے حاصل کرتے ہیں۔ یہ رنگ نباتاتی ہوتا ہے۔ جملہ اعمالِ خیر اسی سے لکھتے ہیں۔ اعمالِ غضب کے لیے کالی یا نیلی سیاہی کا استعمال کرنا مناسب ہے۔ ہر دو سیاہیوں میں مناسب حال اضافے بھی کئے جاتے ہیں۔ مثلاً زعفران کو عرق گلاب یا کیوڑہ میں گھولیں۔ تاکہ خوشبو کا اضافہ

ہو۔ اور نیلی یا کالی سیاہی میں سرکہ ملائیں۔ تاکہ عمر بے یا بدبو میں اضافہ ہو

③ کاغذ اور کپڑے

رنگ کے لحاظ سے انتخاب کیا جاتا ہے۔ اور یہ رنگ کواکب کے متعلقہ رنگوں سے لیے جاتے ہیں۔ عموماً اعمالِ خیر کے لیے سفید رنگ کا۔ اعمالِ شرف کے لیے سنہرا کاغذ یا ریشمی کپڑا اعمالِ غضب کے لیے سرخ۔ نیلا یا ملا جلا رنگوں والا کاغذ یا کپڑا لیں۔ خواہ یہ رنگ ایک طرف ہوں۔ ابری کا کاغذ سفید رہتا ہے۔ نقوش جس کپڑے میں لپیٹے جائیں۔ وہ بھی کواکب کے رنگ کے موافق ہوں۔ اور اگر طالب و مطلوب بصورتِ عداوت طرفین کے پہنے ہوئے کپڑے میں لپیٹیں۔ تو انس رہتا ہے۔ خواہ وہ کسی رنگ کا ہو۔

④ دھاتوں کی لوحیں

دھاتوں پر عملِ شرف کی لوحیں کندہ کی جاتی ہیں۔ چاندی۔ سونا سکہ پر تو کسی نوکدار کیل سے آسانی سے نقش بن سکتا ہے۔ مگر دوسری دھاتیں سخت ہوتی ہیں۔ ان پر کندہ کرنے کے لیے علیحدہ اوزار ہونے چاہئیں۔ یا کسی ہنرمند سے کندہ کرائیں۔

قمر	چاندی	زہرہ	تانبہ
عطارد	پلاسٹیم یا ایلومینیم یا پارہ	شمس	سونا

مریخ ۔ لوہا ۔ مشتری ۔ ٹن ۔ قلعی
زحل ۔ سکہ

⑤ بخورات

جس ستارہ میں جو عمل کریں۔ اس کے متعلقہ بخور جلانے ضروری ہوتے ہیں۔ طریقہ یہ ہوتا ہے۔ کہ آگ کوئلوں کی انگیٹھی میں پاس رکھ لیں اور دوران عمل تھوڑا تھوڑا مرکب سفوف ادویہ کا اوپر ڈالتے رہیں۔ بخور کے معنی دھونی کے۔ تو اس سے خوشبودار یا بدبودار دھواں اٹھتا رہے گا۔ اس دھونی سے روحانیت کی آمد جلد ہوتی ہے۔ بعض ایسے بھی مخلوط بخور ہیں کہ صرف ان کی روشنی کرنے سے جنات و روحانیاں نظر آجاتے ہیں۔ اس میں بہت قوت ہوتی ہے۔

ایک ستارہ کی جس قدر چیزیں ہیں۔ ان کو کوٹ کر چھان لیں۔ ساتوں کواکب کی سات شیشیاں بنالیں بعض لوگ بتیاں بھی بنالیتے ہیں۔ جیسے دھوپ کی بتی موٹی سی ہوتی ہے۔ وقت ضرورت سرے پر آگ لگا کر رکھ دیتے ہیں۔ اگر عاشق و معشوق یا اور دو مختلف نام مختلف ستاروں کے متعلق ہوں۔ تو ان کے لیے دونوں کے بخور علیحدہ کر کے جلائیں۔

بعض عامل صرف دو بخور بناتے ہیں۔ ایک اعمال خیر کے لیے ایک اعمال غضب کے لیے۔ دوسرا اس کے علاوہ سعد کواکب کی ادویہ کو اکٹھا کوٹ چھان لیتے ہیں۔ اور سخت

کواکب کے لیے مریخ و زحل کی ادویہ کو اکٹھا کر لیتے ہیں۔ بخورات یہ ہیں۔

زحل ۔ بید۔ اثلہ۔ دال سیاہ ماش۔ سیاہ مریچ۔ قرنفل

مریخ ۔ سندور۔ قسط۔ دارچینی۔ مریچ سرخ۔ انبرباد۔ دل۔

مشتری ۔ حب الغار۔ صندل سرخ۔ ناگرموتھا۔ عود۔ عنبر۔ جدوار

شمس ۔ عود۔ صندل سرخ۔ زعفران۔ کھٹار۔ گل ٹوھاک۔ بلدی۔ جٹک

زہرہ ۔ زعفران۔ صندل سفید۔ کافور۔ عنبر۔ مشک۔ نسترف

عطارد ۔ مصطگی۔ لوبان۔ گوگل۔ چنبیلی کا تیل۔ صندل سرخ۔ بادام کا چھلکا

قمر ۔ لوبان۔ کافور۔ صندلین۔ عود

اعمال حب کے لیے عود۔ مشک۔ صندل لیے جاتے ہیں۔ اور ستارہ کے متعلق کوئی ایک چیز ملالی جاتی ہے جن چیزوں کے لیے علمیات میں گوگل۔ ہینگ۔ سرسوں۔ لونگ۔ پیپل۔ گرد کا بخور تیار کیا جاتا ہے۔ کہ ستارہ کا کوئی بخور تیار کریں۔ اور ان میں سے کوئی چیز نہ ملے۔ تو کوئی ہرج کی بات نہیں۔ صرف ایک چیز بھی کام دے گی۔ اور وہ پہلے نمبر کا لینی چاہیئے۔

مثلاً زہرہ کے لیے زعفران۔ عطارد کے لیے مصطگی وغیرہ۔

دن کے بخورات

اتوار ۔ پیر ۔ منگل ۔ تمک قسط ۔ بدھ کا مثل لوزق ۔ جمعرات کا عود

جمجمہ کالبان الابیض۔ ہفتہ کا ظفل۔ پودا حنظل

⑥ طریق نشست

ا۔ ایتلاف۔ توصل۔ جذب قلوب۔ طلب حاجات وغیرہ کے لئے عملیات وظائف کے لئے طریق جذرگان زیر دان دشت کے بیٹھنا چاہیئے۔

ب۔ حصول خوشی اور وحشت کے دور کرنے کے لئے مربع کے طریق پر بیٹھے۔

ج۔ خرابی و ہلاکت دشمنی کے لئے اس طرح بیٹھے جس طرح نماز میں بیٹھتے ہیں۔ یعنی ایک طرف دونوں پاؤں رکھے۔

⑦ جگہ اور لباس

اعمال خیر میں لباس صاف و معطر ہو۔ جگہ بھی صاف ہو۔ کسی کمرہ میں علیحدہ یا پھولدار درخت کے سایہ تلے بیٹھ کر کرے۔ اور کوئی جائے نماز یا عمدہ کپڑا نیچے بچھائے۔ یا ہرن کی کھال پر بیٹھے۔ اعمال غضب میں خالی زمین یا بوریا شکستہ پر بیٹھ کر زیر سایہ درخت نیم یا زیر سایہ دیوار یا درخت کیکر بکھے سر برہنہ ہو۔

اعمال توافق و حصول عزز جاہ کے لئے اونچی جگہ تخت یا چبوترہ پر بیٹھے۔ سر برہنہ ہو۔ عمدہ لباس معطر ہو۔

⑧ طریق کار

مندرجہ ذیل تمام امور کا تیاری نقش یا عمل میں لحاظ رکھنا چاہیئے۔

وہ اس طرح کہ جگہ مقرر کر کے وہاں تمام لوازمات عمل اکٹھے کر لیں۔ غسل کا لباس کا جو استعمال ہو کام میں لائیں۔ رجال الغیب کے نقش کو مدنظر رکھ کر نشست میں بیٹھیں۔ جو لائق عمل ہو جو رنگ متعلقہ عمل ہو یا اس کا لباس ہو یا نیچے ایسا کپڑا بچھائیں یا دیسا رومال سر پر باندھ لیں۔ اب بخور جلائیں۔ حصار کرنا ہو تو حصار کر لیں۔ نیاز کی چیزیں سامنے رکھ کر دعوت کو اپنے کا سلام پڑھیں۔ (جو کوکب ہو) حرف ایک بار سلام کہنا ہے۔ پھر نیت درست اور مدد خداوندی کا حق رکھتے ہوئے عمل یا نقش کی تیاری کریں۔ اب قلم ہاتھ میں لیں۔ اگر عمل خیر ہے تو کاغذ کو اپنی ران پر رکھیں۔ منہ میں شیرینی رکھیں یا الائچی رکھیں۔ اگر اعمال غضب ہو۔ تو کاغذ بائیں ران پر رکھیں۔ منہ میں تلخ چیز مثلاً کالی مرچ۔ سقوطری یا افیون۔ تو بذریعہ ہی کا ہو تو منہ میں تھوڑا سا سوم رکھیں۔ اگر سوم نہ ملے تو زبان دانتوں میں دبا لیں اور نقش لکھنا شروع کر دیں۔ جب نقش ختم ہو۔ تو زبان سے کہیں۔ الحمد للہ اب نیاز کی اشیاء پر ختم دیں۔ اور جب سائل کو دیں تو اسے تاکید کر دیں کہ کس دن کو استعمال کرے لہذا حسب توفیق خیر خیرات کرے یا صدقہ دے۔ یہ تو اللہ اس فن کے اصول ہیں ان کو خوب یاد کر لو اور طاعت الٰہی سے غافل نہ رہو۔ کیونکہ وہی تم کو ہر خیر و خوبی کا مستحق بنانے والا ہے اور عمل کے ذریعہ سے تم اسی مقام میں پہنچ سکتے ہو جہاں تمہارا باپ دادا کا بھی گذر نہ تھا۔ اور نہ وہ تم کو اس مقام پر پہنچا سکتے تھے۔

باب ۳

خصوصی طریقے ادائیگی زکات

عزیزان محترم اس باب میں ایسے ایسے صدری زکات کے طریقے دیئے جا رہے ہیں۔ جن پر عمل کر کے آپ بہت جلد عملیات کی دنیا میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔ قبل اس کے کہ وہ صدری طریقے صفحہ قرطاس پر بکھیرے جائیں۔ مروجہ زکات کے طریقے بھی قارئین کی معلومات میں اضافے کے لیئے بیان کیئے جا رہے ہیں۔ تاکہ کسی طالب علم کو کسی اور کتاب میں تلاش کرنے کی زحمت نہ اٹھانی پڑے۔

عام طریقہ زکات یہ ہے کہ چالیس یوم میں کسی بھی حروفی اسم۔ آیت یا عمل کو سوا لاکھ (۱۲۵۰۰۰) مرتبہ پڑھ کر زکات ادا کر دی جاتی ہے۔ کیونکہ اس طریقے سے بھی روحانیت میں تاثیر پیدا کرنے کیلئے رابطہ کیا جاتا ہے۔ زکات کے دیگر معروف طریقے یہاں

طریقہ اوّل:

جس قدر حروف ہوں۔ ان کو ہزار سے ضرب دے کر مکمل تعداد تو چالیس یوم پر تقسیم کیا جاتا ہے۔ مثلاً اسم اللہ (حروف ۴) تعداد (۲۶)

4x1000 = 4000 + 40 = 100 لہذا ادائیگی زکات میں روزانہ ۱۰۰ مرتبہ اسم اللہ پڑھتے ہوئے چالیس دن میں زکات ادا ہو گی

۳

(ii) جس قدر حروف ہوں ہزار بار شمار کرے۔ مثلاً اللہ (ا ل ہ) اسم اللہ میں چار حرف ہیں۔ چار ہزار بار ہوا۔ چار ہزار کو چار سے ضرب دی تو سولہ ہزار ہوا۔ یہ نصاب ہو گا۔

اس کا نصف آٹھ ہزار یہ زکات ہو گی۔ اس کا نصف چار ہزار عشر ہو گا۔ اصل عشر کو اعداد کا نصف یعنی دو ہزار قفل ہو گا پھر دو دو ہزار برابر نصاب کے ہو گا۔ بذل کے سات ہزار اور ختم کے بارہ سو حروف ہیں۔ گویا یہ سات نیتوں سے زکات ادا کرنا ہو گی۔ جدول یہ ہے

اللہ	اعداد	نصاب	زکات	عشر	قفل	دو دو ہزار	بذل	ختم
حروف ۴	۴۰۰۰	۱۶۰۰۰	۸۰۰۰	۴۰۰۰	۲۰۰۰	۱۶۰۰۰	۷۰۰۰	۱۲۰۰

نوٹ:۔ اٹھائیس ۲۸ حروف کی علیحدہ علیحدہ زکات کا چارٹ انتہائی مختصر ہدیہ مبلغ ۱۰۰/- روپے ادارہ کو ارسال کر کے منگوا سکتے ہیں۔

طریقہ دوئم:

ہر اسم کی زکات اس طرح ادا کرے۔ یہ (۱) صغیر (۱۱) وسیط (۱۱۱) کبیر (۱۷) نصاب (۷) حفظ (۷۱) کفو (۷۱۱) خاتم

طریقہ یہ ہے کہ اسم کے جس قدر حروف ہوں۔ ان کو عدد صغیر کہتے ہیں۔

مثلاً حسن کے تین حرف ہیں۔ یہ ۳ عدد صغیر ہوا۔ اسے دس سے ضرب
دیا تو عدد وسیط ملا۔

صغیر کو سو سے ضرب دیا تو عدد کبیر حاصل ہوا۔ جب صغیر کو
ایک ہزار سے ضرب دیا تو عدد نصاب حاصل ہوگا۔ جب عدد اسم کو
ایک کم کر دیں گے تو عدد حظ حاصل ہوگا۔ جب خط کو اصل میں ملا
کر دیں گے۔ تو عدد کفو حاصل ہوگا۔ جب کفو کو اصل میں ضرب دیں گے
تو خاتم حاصل ہوگا۔

حسن	صغیر	وسیط	کبیر	نصاب	حظ	کفو	خاتم
مرزا	۳	۳۰	۳۰۰	۳۰۰۰	۱۱۷	۲۳۵	۷۰۵۰

طریقہ سوئم:-

ہر اسم کے عدد کبیر۔ اکبر۔ کبائر۔ اکبر کبائر۔ اور عدد صغیر۔ اصغر۔ صغائر
اصغر صغائر لے کر زکات ادا کریں۔ جس کا طریقہ یہ ہے۔ کہ ہر اسم کے عدد کو
اس کے حرف میں ضرب دیں۔ تو عدد کبیر حاصل ہوگا۔ مثلاً حسن کے عدد
۱۱۸ کو ۳ سے ضرب دیا۔ تو (۳۵۴) ۳۵۴ عدد کبیر ہو گئے۔ کبیر کو ۳
سے ضرب دیا تو اکبر حاصل ہو گیا۔ اکبر کو ۳ سے ضرب دیا تو کبائر حاصل
ہوگا۔ عدد کبائر کو ۳ سے ضرب دیا تو اکبر کبائر حاصل ہوگا۔
اب صغیر کو لیں۔ اسم کے اعداد کو صغیر کہتے ہیں۔ مثلاً
عدد صغیر ہیں۔ تو اس کا نصف اصغر ہوگا۔ اصغر کا

نصف صغائر ہوگا۔ صغائر کا نصف اصغر صغائر ہوگا۔
اگر کسی عدد کا نصف صحیح نہ ہو سکے۔ ایک حصہ کم ایک حصہ
زیادہ ہے۔ تو نصف کم تر ناقص اور نصف زائد کامل کہلاتا ہے
اس لئے علماء نصف ناقص کو ترک کر دیتے ہیں۔ اور نصف زائد
کو اختیار کر لیتے ہیں

حسن	کبیر	اکبر	کبائر	اکبر کبائر	اصغر	صغائر	اصغر صغائر
مرزا	۱۲۸	۳۸۴	۱۱۵۲	۳۴۵۶	۱۰۲۶۸	۳۲	۱۶

ان زکاتوں میں ۱۲ سال لگیں گے۔ یاد رکھیں کہ ہر زکات کے لئے
علیحدہ نیت کریں۔ اور اس کی روزانہ مقدار بھی مقرر کر لیں۔
اس میں نقص واقع نہ ہونے دیں۔ لیکن ہر زکات متواتر
بغیر وقفہ کے ادا کریں۔ کبیر کے بعد فوراً اکبر کی زکات دیں۔
سات دنوں میں سات زکاتیں ادا کی جا سکتی ہیں۔ جو عدد
بڑے ہوں۔ انکو مقررہ دنوں پر تقسیم کریں گے تو زکات کی
مدت کچھ بڑھ جائے گی۔

نوٹ: مطلوبہ جدول مفت منگوانے کے لئے ہمراہ جوابی لفافہ بھیجیں۔

حصہ دوم

حروفِ تہجی کی زکات کا طریقہ

حروفِ تہجی ۲۸ حروف پر مشتمل ہے۔ ان حروف کی روحانی قوتوں سے کام لینے کے لیئے ۲ طرح سے زکات ادا کی جاتی ہے۔

طریقہ اوّل:۔ زکاتِ اصغر

اس طریقے میں ہر حرف کو ۲۸ دنوں میں روزانہ ۷۸۶ مرتبہ پڑھکر زکات ادا کی جاتی ہے۔ یہ زکات حرف امر تیہ کام دیتی ہے۔ یا حرف صاحب عمل کے ذاتی مسائل کے روحانی حل میں معاون ہوتی ہے۔ اس کا عامل کسی دوسرے فرد کو اجازت دینے کا مجاز نہیں ہوتا۔ اگر کسی کو اجازت دی تو عمل دوسرے کو منتقل ہو جاتا ہے اور عامل کا باطن اس زکات کی روحانی قوتوں سے خالی ہو جاتا ہے۔

طریقہ دوئم:۔ زکاتِ اکبر

زکاتِ اکبر میں ایک حرف کو ۲۸ یوم تک ۷۸۶ مرتبہ پڑھکر زکات ادا کی جاتی ہے۔ یہ زکات کا اعلیٰ اور مکمل درجہ ہے۔ جس کی کامیابی کے بعد عامل سیف زبان ہو جاتا ہے۔ روحانی قوتیں متوجہ ہو کر تابع ہو جاتی ہیں۔ اور عامل کی پشت پناہی کرتے ہوئے ہر قسم کی مدد کرتی ہیں۔ اس کا عامل ہر قسم کی اجازت دینے کا مجاز ہوتا ہے۔

قواعد ادائیگی زکات حروفِ تہجی۔

حروف کی زکات کا موثر عمل تب ہوتا ہے جب اس حرف کی متعلقہ منزل قمر میں زکات دی جائے۔

مثلاً اگر حرف الف کی زکات دینا چاہیں تو اس کی متعلقہ منزل قمر شرطین میں زکات ادا کی جائے گی۔ تاکہ مخفی موکلات عامل سے مانوس ہو کر اس کی پشت پناہی اور حفاظت کریں۔

الف سے متعلقہ عمل یا نقش عامل جب بھی کسی کو سنا کر اور عزیمت متعلقہ موکل کی رکنہ کر دے گا یا پھر عطا کرے گا۔ تو اس حرف کا مخصوص موکل فوراً حاضر ہو کر کام پورا کر دے گا۔

ایسے ارباب جو عملیات کی دنیا میں ۔۔۔۔۔ چاہتے ہیں انہیں حروف تہجی کی زکات دینے۔ تو اپنا نام والدہ نام ہمراہ حسب ماہ زکات ادا کرنا چاہتے ہوں۔ جوابی لفافہ رجوع فرمائیں۔ مکمل منازل قمری کا چارٹ اور اجازہ عمل ارسال کیا جائے گا۔ ہدیہ ۱۰۰۰ روپے

حروف کی زکات میں منازل قمر کی مطابقت کا خاص خیال رکھیں بصورتِ دیگر زکات ناکام ہوگی۔ بعض ایسے احباب جو بغیر کسی نقش یا عمل کی زکات دیئے بغیر نقش یا عمل کرتے ہیں رجعت میں مبتلا ہو جاتے ہیں

رجعت عمل:۔

عزیزان من کائنات کا کوئی کام آسان نہیں ہے۔ ہر کام کے کچھ طریقے ہیں۔ جن کی درست ادائیگی کے بعد ہی متعلقہ کام سرانجام پاتا ہے۔ مثلاً آپ کسی ہوائی جہاز میں سفر کر رہے ہیں۔ اور پائلٹ کو جہاز (انجن) سے خود آپریٹ کرنا شروع کریں گے تو یقیناً جہاز کو کسی غلط بٹن دبانے سے بجائے اڑانے کے تباہ کر بیٹھیں گے۔

عملیات کی دنیا جہاز سے بھی پیچیدہ اور خطرناک ہے۔ اگر اس کے کسی عمل یا نقش کو اپنی کم علمی سے غلط پڑھ دیا لکھ دیں گے تو مخفی قوتیں بجائے تابع فرمان ہونے کے سخت جانی دشمن بن جائیں گی۔ ان قوتوں کے مخالف روحانی حملوں کو رجعت کہتے ہیں۔ جمالی عملیات میں بھول چوک یا غلطی ہونے کے بعد معافی کی گنجائش ہے لیکن

جلالی عملیات میں بھول چوک اور غلطی کی قطعی گنجائش نہیں ہے۔ بلکہ عامل سخت قسم کے عذاب میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ اس لیے استاد یا مرشد کا ہونا سخت ضروری ہے۔ تاکہ ان کی صحیح رہنمائی سے اعمال میں کسی قسم کی کمی یا کوتاہی نہ ہو سکے۔ اگر ہو جائے تو اس کا فوری حل ہاں ہو سکے۔ اور حروف تہجی کی زکات سے بھی عامل رجعت عمل سے بچا رہتا ہے

جدول حروف

نمبر شمار	حروف	منازل قمر	عزیمت حروف تہجی یا موکل
۱	ا	شرطین	اجب یا اسرافیل بحق یا الف
۲	ب	بطین	اجب یا جبرائیل بحق یا دا
۳	ج	ثریا	اجب یا عزرائیل بحق یا جیم
۴	د	دبران	اجب یا دردائیا بحق یا دال
۵	ہ	ھقعہ	اجب یا دوراٹیل بحق یا ھا
۶	و	ھنفہ	اجب یا رتمائیل بحق یا واؤ
۷	ز	ذراعہ	اجب یا شرفائیل بحق یا زا
۸	ح	نثرہ	اجب یا نکھیل بحق یا حا
۹	ط	طرفہ	اجب یا اسماعیل بحق یا طا
۱۰	ی	جبہۃ	اجب یا سراکمطائیل بحق یا یا
۱۱	ک	زبرہ	اجب یا حروزائیل بحق یا کاف
۱۲	ل	صرفہ	اجب یا طاطائیل بحق یا لام
۱۳	م	عوا	اجب یا روصائیل بحق یا میم

تہجی با موکل

نمبر شمار	حروف	منازل القمر	عزیمت حروف تہجی با موکل
۱۴	ن	سماک	اجب یا حولائیل بحق یا نون
۱۵	س	عنفرہ	اجب یا ھوالکیل بحق یا سین
۱۶	ع	زبانا	اجب یا لوما ئیل بحق یا عین
۱۷	ف	اکلیل	اجب یا سرھاکیل بحق یا فا
۱۸	ص	قلب	اجب یا اھمائیل بحق یا صاد
۱۹	ق	شولہ	اجب یا عطرائیل بحق یا قاف
۲۰	ر	نعائم	اجب یا امواکیل بحق یا را
۲۱	ش	بلدہ	اجب یا ھمرائیل بحق یا شین
۲۲	ت	ذابح	اجب یا عزرائیل بحق یا تا
۲۳	ث	بلعہ	اجب یا میکائیل بحق یا ثا
۲۴	خ	سعود	اجب یا مھکائیل بحق یا خا
۲۵	ذ	اخبیہ	اجب یا اھرائیل بحق یا ذال
۲۶	ض	مقدم	اجب یا عطکائیل بحق یا ضاد

۵۱

نمبر شمار	حروف	منازل القمر	عزیمت حروف تہجی با موکل
۲۷	ظ	موخر	اجب یا توراٹیل بحق یا ظا
۲۸	غ	رشا	اجب یا لوخائیل بحق یا غین

نوٹ:۔ حروف تہجی کی زکات اور اعمال سے کماحقہٗ استفادہ کرنے کے لیے
درج ذیل جدول مکمل معلومات فراہم کریں گی۔

جداول مکمل معلومات

حرف	عدد حرف	اسم	مدد اسم	خاصیت	تاثیر	طبع	موکل
ا	۱	اللہ	۶۶	جلالی	سودت	تر	اسرافیل
ب	۲	باقی	۱۱۳	جمالی	محبت	خشک	جبرائیل
ج	۳	جامع	۱۱۴	مشترک	محبت	سرد	میکائیل
د	۴	دیان	۶۵	جلالی	عداوت	گرم	عزرائیل

اس جدول سے مستفیض ہونے کیلئے یہ طریقہ اختیار کریں

← مثلاً۔ اگر آپ حرف اوّل (الف) کی زکات ادا کرنا چاہتے ہیں
منازل قمر شرطین میں باشرائط (مذکر حال الغیب)
پشت پر رکھتے ہوئے "یا ایل" مرتبہ ایک ہی نشست میں
عمل پڑھیں۔ اجنب یا **اسرافیل بحق یا الف**
باقی اعمال کو اسی طریقے پر عمل کرتے ہوئے زکات ادا کریں۔
مکمل طریقہ عمل صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

برائے حروف تہجی

جن	برج	ستارہ	منازل قمر	سود نحس	بخورات
فیدیوش	حمل	زحل	شرطین	سعد	عود سیاہ
ودیوش	جوزا	مشتری	بطین	سعد	شکر
نودیوش	سرطان	مریخ	ثریا	سعد	در چینی
طیطوش	ثور	شمس	دبران	نحس	صندل سرخ

حروف	مرفوظ	عدد کم	اسم	خاصیت	تاثیر	طبع	موکل
ہ	۵	۲۰	ھادی	جمالی	حلاوت	تر	دھوریائیل
و	۶	۴۶	ولی	جمالی	محبت	خشک	رفتمائیل
ز	۷	۳۷	زکی	مشترک	محبت	سرد	شمرفائیل
ح	۸	۱۰۸	حق	مشترک	بغض	گرم	تنکفیل
ط	۹	۲۱۵	طاہر	جلالی	عقد شہوت	تر	اسماعیل
ی	۱۰	۲۸۰	لیٰین	جمالی	فتح رجال	خشک	سرکیتائیل
ک	۲۰	۱۱۱	کافی	جمالی	محبت	سرد	حوزداثیل
ل	۳۰	۱۲۹	لطیف	جمالی	حدائی	گرم	طاطائیل
م	۴۰	۹۰	ملک	جمالی	محبت	گرم	روماثیل
ن	۵۰	۲۵۶	نور	جمالی	بغض	تر	حواثیل
س	۶۰	۱۸۰	سمیع	مشترک	عقد شہوت	خشک	حمواکیل
ع	۷۰	۱۱۰	علی	جلالی	نوکری	سرد	لوماثیل
ف	۸۰	۴۸۹	فتاح	جمالی	عداوت	گرم	سرحاکیل
ص	۹۰	۲۹۸	صبور	جمالی	الفت	تر	انجمائیل

جن	برج	ستارہ	منازل قمر	سعد نحس	بخوران
عیوش	حمل	زہرہ	حقعہ	نحس	صندل سفید
پویوش	جوزا	عطارد	حنفہ	سعد	کافور
کایوش	سرطان	قمر	ذراعہ	سعد	شہد
عیوش	جدی	زحل	نثرہ	نحس	زعفران
بدیوش	حمل	مشتری	طرفہ	حیانہ	مشک
شمیوش	میزان	مریخ	جبہۃ	میانہ	گل سرخ
قدیوش	عقرب	شمس	زہرہ	سعد	گل سفید
عدیوش	ثور	زہرہ	صرفہ	نحس	یوسف سبز
مجیوش	اسد	عطارد	عوا	سعد	بھی
دطیوش	میزان	قمر	سماک	نحس	سنبل
نغیوش	قوس	زحل	غفرہ	میانہ	خوشبو مرکب
فشیوش	سنبلہ	مشتری	زبانا	سعد	فلفل سفید
بطیوش	اسد	مریخ	اکلیل	نحس	جوز
فلایوش	میزان	شمس	قلب	سعد	جوز شتری

حرف	حرف عدد	اسم	اسم عدد	خاصیت	تاثیر	طبع	موکل
ق	۱۰۰	قادر	۳۰۵	مشترک	عقد شہوت	خشک	عطرائیل
ر	۲۰۰	رؤف	۲۸۶	جلالی	مودت	سرد	امواکیل
ش	۳۰۰	شفیح	۴۶۰	جلالی	عداوت	گرم	حمرائیل
ت	۴۰۰	نواب	۴۰۹	جمالی	عقد نوم	تر	عزرائیل
ث	۵۰۰	ثابت	۹۰۳	جلالی	بغض	خشک	میکائیل
خ	۶۰۰	خالق	۷۲۱	مشترک	محبت	سرد	مہکائیل
ذ	۷۰۰	ذاکر	۹۲۱	مشترک	بغض	گرم	اہرائیل
ض	۸۰۰	ضار	۱۰۰۱	جلالی	بغض	گرم	عطکائیل
ظ	۹۰۰	ظاہر	۱۱۰۶	جلالی	عداوت	خشک	تورائیل
غ	۱۰۰۰	غفور	۱۱۸۶	جمالی	صحت امراض	خشک	لوخائیل

خصوصی زکات ابجد

یہ زکات ہمیں استادِ گرامی القدر جناب عامل **فقیر غلام رسول میمن ناشاد** نے ایک صدری عمل پیش کرنے پر خوش ہو کر بطور تحفہ عنایت فرمائی - یہ ان کی مہربانی ہے کہ انہوں نے مجھے اس قابل سمجھا

خصوصی صدری زکاتِ ابجد

محترم عزیزانِ گرامی روحانیات کی دنیا میں پہلی مرتبہ ۵۰ سالہ تجربات پر مبنی حروفِ تہجی کی انتہائی موثر اور نایاب زکات منظرِ علم آرہی ہے۔

تاریخِ دنیا کا کوئی بھی ایسا عمل نہیں ہے جس میں حروف کو دخل نہ ہو۔ جب کہ ہر عمل کے لیے علیحدہ علیحدہ چلہ نکالنا پڑتا ہے۔ جو کہ ناممکن نہیں تو امرِ محال ضرور ہے۔ ایک عامل کو کم از کم ۵۰ اعمال پر عبور ہونا لازمی ہے۔ ایسے احباب جن کا خیال یہ ہے کہ دو تین عمل کر لیں یا کسی عامل سے اجازت لے لیں۔ تو کام بن جائے گا۔ بالکل غلط ہے۔ لوگ راتوں رات عاملِ کامل بننا چاہتے ہیں۔ عموماً یہ چاہتے ہیں کہ بغیر کاٹھ پیر بلائے ہر چیز حاصل ہو جائے جو کہ ظاہر ہے خیالی محل تعمیر کرتے رہتے ہیں جن کا حقیقت سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہوتا۔

جو احباب اس وادیٔ پرخار میں مستقل قیام چاہتے ہیں۔ اور یہ چاہتے ہیں کہ وہ اپنی دنیا کے ساتھ آخرت بھی سنوار لیجائے ہیں تو ایسے احباب کے لیے حروفِ ابجد کی مکمل زکات نکالنا بہت ضروری ہے جیسے کسی عمارت کے لیے مضبوط بنیاد کا ہونا بہت ضروری ہے اسی طرح طالبِ روحانی کے لیے

جن	برج	ستارہ	منازلِ قمر	سعد و نحس	مخصوص ان
شمہوریش	حوت	زہرہ	شولہ	میانہ	ترنج
دہوش	سنبلہ	عطارد	نعائم	سعد	گلاب
تشیوش	عقرب	قمر	بلدہ	نحس	عود
لطیوش	دلو	زحل	ذابح	میانہ	عنبر
ملحیوش	حوت	مشتری	بلعہ	نحس	عود
والالیوش	جدی	مریخ	سعود	سعد	بنفشہ
سلکاپوش	قوس	شمس	اخبیہ	نحس	صندل سرخ
نمالیوش	دلو	زہرہ	مقدم	نحس	گلنار
عقولیوش	حوت	عطارد	موخر	نحس	گل نسرین
عرقولیوش	حوت	قمر	رشا	سعد	لونگ

اور اپنی زندگی بھر کی کمائی عطا فرما

بعد ازاں یہی زکاتِ ابجد کے نام سے ماہنامہ فلکیات ستمبر سنہ ۱۹۹۲ء صفحہ ۲۳ پر شائع ہوئی۔ دعاگو ہوں کہ رب العزت محترمی استادِ گرامی کے طل چوگنی ترقی عطا فرمائے (آمین)

حروفِ ابجد کی مستند زکات دینا نہایت ضروری ہے تاکہ عامل
کے عملیات میں غلطی کے بعد رجعت سے محفوظ رہ سکے۔

ہماری موجودہ زکات پورے عملیات کی بنیادی اکھائی ہے
زکات کے بعد کائناتِ عالم کی کسی بھی زبان کا عمل آپ پڑھیں گے
ہو جائے گا۔ آئندہ پیش کردہ تمام عملیات کی کامیابی کا دارومدار
زکات پر ہے۔ حروف کی زکات کے کافی طریقے عام طور پر رائج
جن کی ادائیگی میں ایک لمبا عرصہ چاہیئے۔ تکالیف الگ ہیں۔

اگر زکات جیسے تیسے کر کے ادا کر بھی لی جائے تو نقوش
اٹھا کر کہتے ہیں کہ ہماری بھی زکات ادا کرو۔

موجودہ زمانے میں سائنس کی ترقی انتہائی عروج پر ہے۔ ہر شخص
آسائش دنیا کا عادی ہو چکا ہے۔ لوگ ایسی ویسی پیر ہیز اور لمبے چوڑے
چلوں سے دور بھاگتے ہیں۔ دیرانوں کی بجائے اپنے گھر کے کسی کونے
میں تھوڑی دیر کی پڑھائی بمشکل کرنے پر تیار ہوتے ہیں۔

ان مسائل کو سامنے رکھتے ہوئے ایک انتہائی سہل اور پر تاثیر
زکات پیش کی جا رہی ہے جس میں حروف کے ساتھ نقوش کی زکات
